Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ دوشنبہ تاریخ ۱۵ شعبان ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۴ نومبر ۱۹۳۴ء

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

انتظام سلسلہ روانگی (بمقام لکھنو) اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم ۲

منظوری تعطیل ولادت جناب صاحب الامر علیہ السلام بوجہ اختلاف رویت ہلال ۲

(تاریخ ۲۴ نومبر ۱۹۳۴ء) ۳

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:-

واقع ۱۰ر نومبر ۱۹۳۲ء

ما بدولت واقبال آج شب کو تشریف فرمائے لکھنؤ ہوں گے۔ ۲۰ر نومبر ۱۹۳۲ء کی صبح کو انشاءاللہ مراجعت ہوگی۔ صاحب چیف منسٹر بہادر، صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر۔ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اور صاحب ملٹری سکرٹری بہادر ہمرکاب ہوں گے۔

بزمانہ غیر موجودگی ما بدولت واقبال حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) صاحب ریونیو منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ ایسی چٹھیوں کے، وکاغذات جنہیں کوئی خاص اہمیت نہ ہو "بائی آرڈر" لکھ کر اپنے دستخط سے جاری کریں۔

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر۔ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اور صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس کا کام علاوہ اپنے کام کے صاحب ریونیو منسٹر بہادر اور صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کا کام صاحب چیف جسٹس بہادر اور صاحب ملٹری سکرٹری بہادر کا کام سردار صاحب بہادر ڈپوٹری علاوہ اپنے کار ہائے متعلقہ کے انجام دیں گے۔

(۳) صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر شب باندرون قلعہ میں رہیں گے۔ اور جملہ امور متعلقہ محلات کا انتظام صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے سپرد

(۴) ہماری غیر موجودگی میں اگر کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو جملہ منسٹر صاحبان بہادر موجودہ رامپور باہم مشورہ کرکے طے کریں جو امر بعد مشورہ طے ہو اس کی تعمیل حکم ما بدولت واقبال متصور ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان عالی دام

بنشانے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۰ر نومبر ۱۹۳۲ء

(دستخط [illegible])

حکم:-

واقع ۱۰ر نومبر ۱۹۳۲ء

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ چونکہ رویت ہلال کے شعبان کی ۱۵ تاریخ ۲۳ر نومبر ۱۹۳۲ء کو واقع ہوگی ملبوعہ نقشہ تعطیلات میں ۲۲ر نومبر ۱۹۳۲ء درج بنا براں تعطیل ولادت جناب صاحب الامر علیہ بجائے ۲۲ر نومبر کے ۲۳ر نومبر ۱۹۳۲ء کی منظور

حکم واپس کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ
سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس بھیجے
دستخط بندگان حضور پُرنور زید ملکہم

بنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں ۲۰ نومبر ۱۹۳۲ء
توپ خانہ کو اطلاع کیجاوے ایک
نقل صاحب آرمی منسٹر بہادر کی خدمت میں ارسال ہو
(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)